Shahabullah/ Shabbir

30-03-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج راشٹرپتی بھون میں بھارت رتن ایوارڈس عطا کریں گی۔

2 نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا ہے کہ بھارت ایک ایسا جمہوری ملک ہے، جس میں بہت بڑا عدالتی نظام موجود ہے اور اُسے قانون کی بالادستی کے بارے میں کسی سے سبق حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

3 آج لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے اور سکّم و اروناچل پردیش میں اسمبلی انتخابات کے امیدواروں کا نام واپس لینے کی آخری تاریخ ہے۔

4 بھارتی بحریہ نے بحیرۂ عرب میں، ایرانی جہاز کے 23 پاکستانی باشندوں کو صومالی قذاقوں سے رِہا کرالیا ہے۔

5 ٹینس میں روہن بوپنا اور میتھیو ایبڈن کی بھارت-آسٹریلیائی جوڑی، آج رات میامی اوپن کے، مردوں کے ڈبلز کے فائنل میں کھیلے گی۔

6 اور IPL کرکٹ میں:

بنگلورو میں کولکاتہ نائٹ رائیڈرس نے رائل چیلنجرس بنگلورو کو 7 وکٹ سے ہرایا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Prez Bharat Ratna

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج راشٹرپتی بھون میں بھارت رتن ایوارڈس پیش کریں گی۔ آنجہانی سابق وزراءِ اعظم چودھری چرن سنگھ اور پی وی نرسمہاراؤ، بہار کے سابق وزیراعلیٰ کرپوری ٹھاکر اور سرکردہ سائنس داں ایم۔ایس سوامی ناتھن کو بعد از مرگ بھارت رتن سے سرفراز کیا جائے گا۔

سابق ڈپٹی وزیراعظم اور آزمودہ کار بی جے پی لیڈر ایل۔کے۔آڈوانی کو بھی ملک کا اعلیٰ ترین سویلین ایوارڈ دیا جائے گا۔x

VP Judicial System

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے زور دے کر کہا ہے کہ بھارت ایک ایسا جمہوری ملک ہے، جہاں ایک بہت بڑا عدالتی نظام موجود ہے، اور جس کا مقابلہ کسی فرد یا گروپ سے نہیں کیا جاسکتا۔

بھارتی جمہوریت کو ایک منفرد جمہوریت قرار دیتے ہوئے جناب دھنکھڑ نے کہا کہ بھارت کو قانون کی بالادستی کے سلسلے میں کسی سے سبق حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

نئی دلّی میں کُل سرکاری انتظامیہ کے بھارتی ادارے IIPA کے 70ویں یومِ تاسیس کی تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے نائب صدر جمہوریہ نے کہا کہ آج بھارت میں قانون کے سامنے مساوات ایک نیا معمول ہے اور اِس قانون کے تحت اُن لوگوں کو جوابدہ قرار دیا جارہا ہے، جو خود کو قانون سے بالاتر سمجھتے تھے۔

انھوں نے بھارت کے عدالتی نظام کو ایک ایسا بڑا نظام، جو عوام حامی اور آزادانہ طور پر کام کرنے والا نظام ہے۔×

MHA Satyendar Jain CBI Probe

داخلی امور کی وزارت نے مرکزی تحقیقاتی بیورو CBI کو جیل میں بند عام آدمی پارٹی کے لیڈر اور دلی کے سابق وزیر ستیندر جین سے پوچھ تاچھ کی منظوری دے دی ہے، جن پر مبینہ طور پر بچولیے ایک شخص نے Sukesh چندرشیکھر سے جبراً پیسہ وصولنے کے الزامات عائد ہیں۔

ذرائع نے بتایا ہے کہ یہ معاملہ چندرشیکھر کی طرف سے لگائے گئے اُن الزامات سے متعلق ہے کہ شری جین نے اُن سے اُس وقت دس کروڑ روپے کا مطالبہ کیا تھا جب وہ دلی کابینہ میں ایک وزیر تھے۔ اس سلسلے میں بچولیے چندرشیکھر نے دلی کے لیفٹننٹ گورنر کو نومبر 2022 میں ایک خط بھی تحریر کیا تھا۔

Scrutiny First Phase

آج لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے اور 2 شمال مشرقی ریاستوں کے واحد مرحلے کے اسمبلی چناؤ کے امیدواروں کا نام واپس لینے کی آخری تاریخ ہے۔

کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال جمعرات کو کی گئی تھی۔ جبکہ اِس مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا کام بدھ کو ختم ہوگیا تھا۔

بہار میں 4 پارلیمانی حلقوں گیا، اورنگ آباد، نوادہ اور جموئی کیلئے پارلیمانی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا کام کُل ختم ہوگیا۔ ریاست میں اِن کاغذاتِ کی جانچ پڑتال آج کی جائے گی۔ امیدواری واپس لینے کی آخری تاریخ منگل ہے۔

پہلے مرحلے کے تحت بہار اور مرکز کے زیرِ انتظام 4 علاقوں سمیت 17 ریاستوں میں 102 لوک سبھا سیٹوں کیلئے چناؤ کرائے جائیں گے اور اس کے ساتھ ساتھ سکم میں 32 اسمبلی حلقوں نیز اروناچل پردیش کی 60 رکنی اسمبلی کیلئے بھی چناؤ کرائے جائیں گے۔ یہ سبھی چناؤ اگلے مہینے کی 19 تاریخ کو کرائے جائیں گے۔
جن ریاستوں میں لوک سبھا کے پہلے مرحلے کے تحت انتخابات کرائے جائیں گے، وہ ہیں: تمل ناڈو، اروناچل پردیش، میگھالیہ، میزورم، ناگالینڈ، سکم، لکشدیپ، انڈمان ونکوبار جزائر اور پدوچیری۔ بھارت کے انتخابی کمیشن نے ہولی کے تہوار اور بہار کے یومِ تاسیس کی وجہ سے بہار میں کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ میں توسیع کردی تھی۔x

Congress List

کانگریس پارٹی نے لوک سبھا انتخابات کے لیے پانچ امیدواروں کی ایک اور فہرست جاری کی ہے۔ پارٹی نے سی۔پی۔جوشی کو راجستھان کے بھیلواڑہ سے میدان میں اتارا ہے جبکہ دامودر گُرجر Rajsamand لوک سبھا سیٹ سے چناؤ لڑیں گے۔x

AP TDP

تیلگودیشم پارٹی TDP نے آندھرا پردیش میں آئندہ اسمبلی اور لوک سبھا انتخابات کے لیے اپنی حتمی فہرست جاری کردی ہے۔ پارٹی نے 9 اسمبلی سیٹوں اور لوک سبھا کی چار سیٹوں کے لیے امیدواروں کے ناموں کا اعلان کردیا ہے۔
اِس اعلان کے ساتھ TDP نے 17 لوک سبھا سیٹوں اور 144 اسمبلی سیٹوں کے لیے امیدواروں کو منتخب کرنے کا عمل مکمل کرلیا ہے، جنھیں اس نے ریاست میں NDA کے حصے کے طور پر الاٹ کیا ہے۔x

Punjab Arms Licence

پنجاب میں، ریاستی انتخابی افسر کے احکامات کی بنیاد پر کئی ضلعوں کے حکام نے عوام کو یہ ہدایت دی ہے کہ وہ لوک سبھا انتخابات سے پہلے قریبی پولیس تھانوں یا ہتھیار کے بااختیار ڈیلروں کے پاس اپنے لائسنس والے ہتھیار جمع کرادیں۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق ریاست میں سرِ دست 2 لاکھ 38 ہزار لائسنس والے ہتھیار اب تک جاری کئے جاچکے ہیں۔ مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Shishu Sharma

ریاست میں جاری کئے گئے ہتھیار کے لائسنس کی بنیاد پر عوام کے پاس سرِدست مختلف قسم کے 2 لاکھ 87 ہزار ہتھیار موجود ہیں۔ بھٹنڈہ ضلع میں سب سے زیادہ 26 ہزار 299 ہتھیار جاری کئے جاچکے ہیں۔ ہتھیار رکھنے کے معاملے میں خواتین بھی پیچھے نہیں ہیں۔ 4 ہزار 328 ہتھیار عورتوں کے نام سے

رجسٹرڈ ہیں، جن میں سب سے زیادہ 453 ہتھیار پٹیالہ ضلعے کی عورتوں کے پاس ہیں۔ ہتھیاروں کے قانون کے مطابق ایک لائسنس کی بنیاد پر دو ہتھیار رکھے جاسکتے ہیں اور ایسے لائسنس رکھنے والے افراد، جن کے پاس 2 ہتھیار موجود ہیں، اُن کی تعداد 60 ہزار ہے۔

Rev. LEH State Profile

لوک سبھا انتخابات کے دوران ریاست اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں کی صورتحال پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے ہم اپنی جاری سیریز کے تحت اب لداخ کا رخ کرتے ہیں،۔

مرکز کے زیر انتظام علاقے میں ووٹنگ 20مئی کو پارلیمانی انتخابات کے پانچویں مرحلے کے دوران ہوگی۔

واحد سیٹ کے لیے خطے کی یہ پہلی آزادانہ پولنگ ہوگی، جو ریاست جموں وکشمیر کے تحت پہلے ایک حلقہ تھا۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Phutosok Wangmo

علاقے کے اعتبار سے لداخ کو بھارت کے سب سے بڑے حلقے ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ واضح طور پر اس کی سرحدیں لائن آف کنٹرول سے متصل پاکستان اور حقیقی کنٹرول لائن سے متصل چین سے ملتی ہیں۔ بھارتیہ جنتا پارٹی BJP اور انڈین نیشنل کانگریس INC لداخ کی واحد سیٹ کے لیے چناؤ لڑنے والی دو اہم قومی جماعتیں ہیں، اب تک کسی بھی اور پارٹی نے اپنے دستاویزات داخل کرنے کا اعلان نہیں کیا ہے۔ لداخ لوک سبھا سیٹ Leh اور کارگل اضلاع پرمشتمل ہے۔ اس میں ایک لاکھ 82 ہزار 571 رائے دہندگان ہیں جن میں 91 ہزار 703 مرد ووٹرس ، جبکہ90 ہزار 867 خاتون ووٹرس ہیں۔

لداخ انتظامیہ نے 577 پولنگ اسٹیشن قائم کیے ہیں۔ مرکز کے زیر انتظام علاقے کے اعلیٰ چناؤ افسر عام طور پر ووٹ ڈالنے والوں اور بالخصوص پہلی بار ووٹ ڈالنے والوں کے بیچ بیداری پیدا کرنے کے لیے مختلف پروگراموں کا اہتمام کر رہے ہیں۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Somali Pirates Rescue

بھارتی بحریہ نے ایران کے ایک ماہی گیر جہاز اور اُس کے عملے کے 23 پاکستانی باشندوں کو صومالی قزاقوں سے رِہا کرایا ہے۔ اِن لوگوں کو بحیرۂ عرب میں قذاقی کی روک تھام سے متعلق 12 گھنٹے سے زیادہ کی ایک کارروائی میں رِہا کرایا گیا ہے۔ بھارتی بحریہ کے فوجیوں نے اپنی تکنیکی مہارت اور تال میل پر مبنی حکمتِ عملی کا استعمال کرتے ہوئے اِن قذاقوں کے ساتھ بات چیت شروع کی اور انھیں بغیر کسی خون خرابے کے ہتھیار ڈالنے پر مجبور کردیا۔ ہتھیار ڈالنے کا یہ واقعہ قذاقی سے نمٹنے اور خطے میں بحری سرگرمیوں کو محفوظ بنانے کی یقین دہانی میں ایک فیصلہ کن کامیابی ہے۔

بحریہ نے ایک بیان میں کہا کہ جمعرات کو ایران کے ماہی گیر جہاز Al Kambar 786 میں قذاقی کے ایک امکانی واقعے کے بارے میں موصولہ سراغ کی بنیاد پر، بھارتی بحریہ کے دو جہازوں INS Sumedha اور INS Trishul کو بحیرۂ عرب میں تعینات کیا گیا، تاکہ اغوا کئے گئے ماہی گیر جہاز کو روکا جاسکے۔×

Jaishankar Ukraine FM

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور یوکرین کے اُن کے ہم منصب Dmytro Kuleba نے، کل نئی دلّی میں ایک میٹنگ کے دوران، روس اور یوکرین کے درمیان جاری تنازعے اور اُس کے وسیع تر نتائج کے بارے میں بات چیت کی۔ وزارتِ خارجہ نے بتایا کہ دونوں وزیروں کے درمیان اِس میٹنگ میں بھارت اور یوکرین کے درمیان تعمیری مذاکرات کو فروغ دینے اور دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ تعلقات میں تجارت و سرمایہ کاری، سائنس و ٹکنالوجی، دفاع، زراعت، صحت، ثقافت اور تعلیم شامل ہیں۔ دونوں وزیروں نے تجارتی، معاشی، سائنسی، تکنیکی، صنعتی اور ثقافتی تعاون اور اِس سے متعلق ورکنگ گروپوں کے بارے میں بھارت یوکرین بین سرکاری کمیشن سے متعلق معاملات پر بھی علیحدہ بات چیت ہوئی۔ طرفین نے اِس سال کے آخر میں ساتویں بین حکومتی کمیٹی میٹنگ منعقد کرنے کی جانب کام کرنے سے اتفاق کیا۔

وزارت نے کہا کہ علاقائی اور عالمی معاملات پر تبادلۂ خیال کیا گیا، جس میں جاری تنازعے اور ایک پُرامن حل تلاش کرنے کی کوششوں پر جامع مذاکرات بھی شامل ہیں۔ یوکرین کے وزیر خارجہ جمعرات کو بھارت کے دو روزہ دورے پر یہاں آئے تھے۔×

Israeli PM Gaza

اسرائیل کے وزیر اعظم بنجامن نتن یاہو نے، حماس کے ساتھ جنگ بندی کی بات چیت دوبارہ شروع کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ وزیر اعظم نتن یاہو کے دفتر نے بتایا کہ انھوں نے آئندہ دنوں میں قطر اور مصر میں، اسرائیل کی قیادت والے مذاکرات کاروں اور بااختیار اسرائیلی مندوبین کے ساتھ، جنگ بندی سے متعلق بات چیت میں

شامل ہونے کے بارے میں گفتگو کی ہے۔

وزیر اعظم نتن یاہو کا یہ اعلان، حماس کے ساتھ سودا کرنے کی ایک اور کوشش ہے، جس کے بعد اسرائیلی یرغمالوں کی رہائی کے بدلے، غزہ میں اسرائیل کے فوجی حملے رُک جائیں گے۔ چونکہ اِس جنگ کو جاری رہتے ہوئے تقریباً 6 ماہ ہونے والے ہیں، امریکہ، قطر اور مصر، جنگ بندی اور یرغمالوں کی رہائی کیلئے ایک اور معاہدہ کرنے کے مقصد سے ثالثی کی کوشش کررہے ہیں۔ یہ کوششیں پہلی بار نومبر میں شروع کی گئی تھیں۔ جمعرات کو غزہ میں جاری اسرائیل کی طرف سے انتقامی حملوں کے پیشِ نظر، انصاف کی بین الاقوامی عدالت نے اسرائیل کو حکم دیا تھا کہ وہ غزہ میں امدادی سامان بلارکاوٹ جانے دے، تاکہ وہاں بھکمری ختم کی جاسکے۔ یہ فیصلہ انصاف کی بین الاقوامی عدالت نے اِس وارننگ کے دوران متفقہ طور پر کیا تھا کہ غزہ میں کچھ ہی ہفتوں میں بھکمری پھیل جائے گی۔x

## Senegal-Prez Poll

سینیگال کی آئینی کونسل نے صدارتی انتخاب میں اپوزیشن امیدوار Bassirou Diomaye Faye کے کامیاب ہونے کی تصدیق کی ہے۔ اِس کے بعد، اُن کیلئے افریقی ملک کا پانچواں صدر بننے کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔

سپریم کورٹ نے عارضی نتائج کو جائز قرار دیا ہے، جن کا اعلان بدھ کو کیا گیا تھا۔قطعی سرکاری نتائج کے مطابق Faye کو پہلے مرحلے کی کامیابی کیلئے 54 اعشاریہ دو آٹھ فیصد ووٹ حاصل ہوئے۔ یہ انتخاب 24 مارچ کو کرایا گیا تھا۔ البتہ برسرِ اقتدار اتحاد کے امیدوار اور سابق وزیر اعظم Amadou Ba کو 35 اعشاریہ سات نو فیصد ووٹ حاصل ہوئے تھے۔ امید ہے کہ Faye کو منگل کو عہدے کا حلف دلایا جائے گا، وہ سبکدوش ہونے والے صدر Macky Sall کی جگہ لیں گے۔x

## IMD Forecast

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے آج سے شمال مشرقی بھارت میں تازہ گرج چمک اور شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ موسمیات کے دفتر نے کہا ہے کہ اروناچل پردیش، آسام اور میگھالیہ میں دور دور تک شدید بارش اور برفباری ہونے کا امکان ہے۔

موسمیات محکمے نے اوڈیشہ، گنگا کے علاقے والے مغربی بنگال، جھارکھنڈ اور بہار میں بھی دور دور تک ہلکی سے اوسط بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

IMD نے کہا ہے جموں و کشمیر، لداخ، گلگت، مظفر آباد، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں آج دور دور تک شدید بارش اور برفباری ہونے کا امکان ہے۔x

## Tennis

Miami اوپن ٹینس میں، بھارت کے روہن بوپنّا اور ان کے آسٹریلیائی ساتھی Matthew Ebden آج امریکہ میں مردوں کے ڈبلز کے فائنل میں امریکہ کے دوسرے سیڈ کے کھلاڑی Austin Krajicek اور کروشیا کے Iven Doding کا سامنا کریں گے۔ چوٹی کے سیڈ کی بھارتی آسٹریلیائی جوڑی اسپین کے چوتھے سیڈ کے Marcel Granollers اور ارجنٹینا کے Horacio Zeballos کی جوڑی کو چھ۔ایک، چھ۔چار سے شکست دینے کے بعد فائنل میں پہنچی ہے۔

بوپنّا کے لیے، جنھوں نے اب تک ڈبلز کے 25 خطاب حاصل کیے ہیں، 14 ویں ATP ماسٹرس کا یہ ایک ہزارواں فائنل ہوگا۔

ٹورنامنٹ میں کامیابی 44 سالہ آزمودہ کار کھلاڑی کو ATP ڈبلز کی درجہ بندی میں عالمی نمبر ایک پوزیشن حاصل کرنے میں مدد دے گی۔x

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے کل رات بینگلورو میں رایل چیلنجرس بینگلور پر سات وکٹ سے جیت حاصل کی۔

پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بینگلورو نے مقررہ بیس اوورس میں چھ وکٹ کے نقصان پر 182 رن بنائے۔ اِس میں وراٹ کوہلی کے 59 گیندوں میں 83 رن شامل ہیں۔

اِس کے جواب میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے جیت کا یہ نشانہ محض 16 اوورس اور پانچ گیندوں میں تین وکٹ کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ وینکٹیش ایّر نے 30 گیندوں میں 50 رن بنائے۔

اِس کے ساتھ ہی کولکاتہ نائٹ رائڈرس اِس سیزن میں کھیلے گئے سبھی دو میچوں میں اب تک فاتح رہی ہے، جبکہ رایل چیلنجرس بینگولورو نے اس سیزن میں اب تک کھیلے گئے تین میچوں میں محض ایک میں جیت حاصل کی ہے۔

آج لکھنؤ میں شام ساڑھے سات بجے لکھنؤ سپر جائنٹس کا مقابلہ پنجاب کنگس سے ہوگا۔x

## Badminton

بیڈمنٹن میں، این سکّی ریڈی اور B Sumeet Reddy کی بھارتی مکسڈ ڈبلز کی جوڑی Madrid Spain Masters ٹورنامنٹ کے سیمی فائنلز میں پہنچ گئی ہے۔ بھارتی جوڑی نے انڈونیشیا کی Lisa Ayu Kusumawati اور Rehan Kusharjanto کی انڈونیشیائی جوڑی کو اکیس۔چودہ، گیارہ۔ اکیس، سترہ۔اکیس سے شکست دی۔ اب بھارتی ڈبلز کی جوڑی کا سامنا آج فائنل میں جگہ حاصل کرنے کے لیے انڈونیشیا کے Rinov Rivaldy اور Pitha

Mentari سے ہوگا۔

البتہ بیڈمنٹن کھلاڑی پی۔وی۔سندھو تھائی لینڈ کی Supanida Katethong کے خلاف ایک زبردست مقابلے کے بعد خواتین کے سنگلز سے باہر ہو گئی ہیں۔

اِدھر D Kapila اور MR Arjun کی بھارتی مردوں کی ڈبلز کی جوڑی کو بھی کوارٹر فائنل میں J Arif اور Roy King Yap کی ملیشیائی جوڑی سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔x

خواتین کے ڈبلز کوارٹر فائنل میں Tanisha Crasto اور Ashwini Ponnappa کی بھارتی جوڑی بھی Lee Chia-Hsin اور Teng Chun-hsun کی تائیوان کی جوڑی سے شکست حاصل کرنے کے بعد باہر ہوگئی ہے۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... مجیب اختر

شکریہ - اسلم

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے زیادہ تر اخبارات نے انکم ٹیکس محکمہ کی طرف سے کانگریس کو 1823 کروڑ روپے کا نیا نوٹس جاری کیے جانے کی خبرکو شہ سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ نوٹس ٹیکس میں مبینہ بے ضابطگیوں کے سبب جاری کیا گیا ہے۔

نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے نئی دلی میں انڈین انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن IIPA کے 70ویں یوم تاسیس کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں ایک مضبوط عدالتی نظام ہے اور ملک کو قانون کی حکمرانی پر کسی دوسرے ملک سے سیکھنے کی ضرورت نہیں۔ اس خبر کو روزنامہ پرتاپ نے خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔

یونیسیف انڈیا نے IIT ممبئی کے ساتھ ڈجیٹل ہیلتھ کورس کا آغاز کیا، جس کی شروعات 17 اپریل 2024 کو ہوگی۔ اس خبر کو راشٹریہ سہارا اور پرتاپ نے اولیت دی ہے۔ راشٹریہ سہارا نے بھارت، موزمبیق اور تنزانیہ کی بحریہ کے درمیان سہ فریقی مشق کے موزمبیق کے شہر ناکالا میں ختم ہونے کی خبر کو بھی اجاگر کیا ہے۔

مسلح افواج کے درمیان ہم آہنگی ضروری۔ اس بات کا اظہارِ خیال بھارتی بحریہ کے سربراہ ایڈمیرل آر۔ہری کمار نے 79ویں اسٹاف کورس میں حصہ لیتے ہوئے کیا۔ اس خبر کو ہندوستان ایکسپریس نے پہلے صفحے پر جگہ دی ہے، جبکہ روزنامہ انقلاب نے اقوام متحد کے عالمی ماحولیاتی ادارے UNEP کی طرف سے جاری ایک رپورٹ پر توجہ

مرکوزکی ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ پوری دنیا میں 20 فیصد خوراک ضائع ہوجاتی ہے اور 78 کروڑ سے زیادہ افراد بھوک کے شکار ہیں۔x

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج راشٹرپتی بھون میں بھارت رتن ایوارڈس عطا کریں گی۔

2 نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا ہے کہ بھارت ایک ایسا جمہوری ملک ہے، جس میں بہت بڑا عدالتی نظام موجود ہے اور اُسے قانون کی بالادستی کے بارے میں کسی سے سبق حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

3 آج لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے اور سکّم و اروناچل پردیش میں اسمبلی انتخابات کے امیدواروں کا نام واپس لینے کی آخری تاریخ ہے۔

4 بھارتی بحریہ نے بحیرۂ عرب میں، ایرانی جہاز کے 23 پاکستانی باشندوں کو صومالی قذاقوں سے رِہا کرالیا ہے۔

5 ٹینس میں روہن بوپنا اور میتھیو ایبڈن کی بھارت-آسٹریلیائی جوڑی، آج رات میامی اوپن کے، مردوں کے ڈبلز کے فائنل میں کھیلے گی۔

6 اور IPL کرکٹ میں:

بنگلورو میں کولکاتہ نائٹ رائیڈرس نے رائل چیلنجرس بنگلورو کو 7 وکٹ سے ہرایا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---